شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان
36-کے، ماڈل ٹائون لاہور، فون:042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

02- اپریل 2021ء

پریس ریلیز

مقبوضہ کشمیر کو جیل میں تبدیل کرنے والوں سے تجارت نا قابل قبول ہے۔

لاہور(پ ر) مقبوضہ کشمیر کو جیل میں تبدیل کرنے والوں سے تجارت نا قابل قبول ہے۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کہی۔ اُنھوں نے کہا کہ ہم کشمیر کو پاکستان کی شہ رگ کہتے ہیں جس پر روزِ اوّل سے دشمن قابض ہے اور اقوامِ متحدہ کی سلامتی کونسل کی قرارداد پر بھی کسی صورت عملدرآمد کرنے کو تیار نہیں۔ اِس کے برعکس اپنے آئین سے 370اور35-A کو ختم کر کے مقبوضہ کشمیر کو بھارت میں ضم کر چکا ہے۔ مزید یہ کہ معصوم کشمیریوں پر ظلم و ستم کے پہاڑ توڑ رہا ہے اور اُنھیں پیلٹ گن کے استعمال سے بینائی سے محروم کر رہا ہے۔ بھارت کے درندہ صفت فوجی گھر گھر تلاشی کی آڑ میں کشمیریوں کو شہید بھی کر رہے ہیں اور خواتین کی عزت بھی پامال کر رہے ہیں۔ اگر ہم اِس پس منظر میں بھارت سے تجارت کرتے ہیں تو گویا ہم نہ صرف کشمیریوں سے ہونے والے ظلم و ستم اور ناانصافی کو نظر انداز کرتے ہیں بلکہ مسئلہ کشمیر پر اپنے تاریخی اُصولی موقف سے بھی پسپائی اختیار کرتے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ تاریخ کا سبق یہ ہے کہ پسپا ہونے والی قوم بالآخر دیوار سے جا لگتی ہے۔ اُنھوں نے کہا کہ یہ بات شک و شبہ سے بالاتر ہے کہ پاکستان کے کمزور اور لاغر ہونے کی اصل وجہ اسلام سے دوری ہے۔ لٰہذا ضرورت اِس امر کی ہے کہ دشمن کے مقابلے میں خود کو مضبوط اور مستحکم کیا جائے جو نظریہ پاکستان کو عملی تعبیر دیے بغیر ممکن نہیں۔ اس سے کشمیریوں کا یہ نعرہ بھی عملی صورت اختیار کر لے گا ”پاکستان سے رشتہ کیا: لا الہ الا اللہ“۔

جاری کردہ

ایوب بیگ مرزا

مرکزی ناظم نشرواشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان